12.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

(Music)

------------------------------

☆ سپریم کورٹ نے گورنر کی جانب سے بھیجے گئے بلوں پر فیصلہ کرنے کیلئے صدر جمہوریہ کے واسطے تین مہینے کی مدت طے کی ہے۔

☆ مغربی بنگال کے مرشدآباد ضلعے میں وقف ایکٹ سے وابستہ تشدد کے واقعات میں تین افراد مارے گئے ہیں جبکہ 18 پولیس اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ کلکتہ ہائی کورٹ نے متاثرہ علاقوں میں مرکزی فورسز تعینات کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

☆ وزارت خزانہ نے Rose Valley Ponzi گھپلے سے متاثرہ افراد کو اُن کی رقم واپس کرنے کیلئے 515 کروڑ روپے سے زیادہ Asset Disposal کمیٹی کے سپرد کیے ہیں۔

☆ چین میں بیجنگ اور شمالی حصوں میں شدید آندھی طوفان کے تناظر میں سیکڑوں پروازیں اور ٹرینیں منسوخ کی گئی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے بھارتی کلاسیکی ڈانسر اور پدم ایوارڈ یافتہ Kumudini Lakhia کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور تیراندازی کے عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں آج رات فلوریڈا میں فائنل میں بھارت کی مکسڈ کمپاؤنڈ ٹیم کا مقابلہ چینی تاپے کی ٹیم سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## SC Bills President

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ ریاستوں کے گورنر صاحبان صدر جمہوریہ کی منظوری کیلئے جو ریاستی بل

ریزرو رکھتے ہیں، اُن پر صدر جمہوریہ کو تین مہینے کے اندر اندر فیصلہ کرنا چاہیے۔ جسٹس جے بی Pardiwala اور جسٹس مہادیون پر مشتمل بنچ نے یہ وضاحت کی ہے کہ اگر اِس مدت سے زیادہ تاخیر ہوتی ہے تو اِس کی درست وجوہات فراہم کی جانا چاہئیں اور متعلقہ ریاستی سرکار کو اِس کی جانکاری دی جانی چاہیے۔

عدالت عالیہ کی بنچ نے تمل ناڈو کے گورنر آر این روی کے اُس فیصلے کو رد کردیا جس کے تحت انہوں نے 10 بِلوں کی منظوری التواء میں رکھی تھی۔ اِس طرح بنچ نے یہ فیصلہ دیاہے کہ صدر جمہوریہ کو اُن بِلوں پر فیصلہ کرنے میں تین مہینے سے زیادہ کا وقت نہیں لینا چاہیے جو انہیں گورنر نے بھیجے ہیں۔

مذکورہ بنچ نے یہ بھی کہاہے کہ اگر مقررہ مدت کے اندر کوئی کارروائی نہیں کی جاتی ہے تو ریاستی سرکار کو عدالت سے رجوع کرنے اور حکم نامہ جاری کرانے کا حق حاصل ہے۔

یہ فیصلہ کل شام عدالت کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیاگیا ہے۔ اِس میں ریاستوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ قانون سازی سے قبل خاص طور پر حساس آئینی معاملات پر مرکزی سرکار کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں۔ اسی طرح مرکزی سرکار سے بھی کہا گیا ہے کہ وہ ریاستوں کی تجاویز پر سنجیدگی سے غور کرے اور تیزی کے ساتھ کارروائی کرے۔

آئینی وجوہات کی بنا پر کسی بِل کے التواء میں رہنے کی صورت میں، عدالت نے یہ سفارش کی ہے کہ صدر جمہوریہ دفعہ 143 کے تحت سپریم کورٹ سے صلاح لے سکتے ہیں۔

سپریم کورٹ نے یہ بھی کہاہے کہ وہ دفعہ 200 کے تحت گورنر کیلئے کوئی قدم اٹھانے کی خاطر وقت کی حد مقرر کرکے اُن کے عہدے کو کمزور نہیں کر رہی ہے بلکہ انہیں پارلیمانی جمہوریت کی مُسلّمہ روایات کے عین مطابق کام کرنا چاہیے۔

دفعہ 200 کے تحت گورنر کو انہیں پیش کیے گئے بِلوں کو منظوری دینے، منظوری کو التواء میں رکھنے یا اِسے صدر جمہوریہ کے غورو خوض کیلئے ریزرو رکھنے کا اختیار ہے۔ x

## WB Waqf Violance

مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف پرتشدد احتجاج میں اب تک 3 افراد کی موت ہوئی ہے۔ پولیس نے آج سہ پہر جعفرآباد میں ایک مکان سے ایک شخص اور اُس کے بیٹے کے لاشیں برآمد کی ہیں۔ ایک اور شخص مرشد آباد میڈیکل کالج اسپتال میں چل بسا۔

آج سہ پہر بھی Dhuliyan میں تشدد کے واقعات پیش آئے جس میں مزید دو افراد زخمی ہوگئے۔ اب تک

18 پولیس اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ 118 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ نیم فوجی فورسز کو متاثرہ علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے اور BNS کی دفعہ 163 نافذ کردی گئی ہے۔

اِدھر انتشار کے تناظر میں اپوزیشن کے لیڈر Suvendu ادھیکاری نے مرکزی فورسز کو تعینات کیے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ کلکتہ ہائی کورٹ کی خصوصی بنچ نے امن و قانون برقرار رکھنے، امن بحال کرنے اور حالات کو کنٹرول میں لانے کیلئے مرشدآباد ضلع میں مرکزی فورسز تعینات کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

عدالت نے کہاہے کہ ریاست کے دیگر حصوں میں بھی انتشار کی صورت میں فورسز کو تعینات کیا جائے گا۔

ہائی کورٹ نے مرکزی حکومت اور ریاستی سرکار کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ 17 اپریل تک عدالت کو الگ الگ رپورٹ پیش کریں۔

مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ پرسکون رہیں اور مذہب کے نام پر فساد نہ کریں۔ محترمہ ممتابنرجی نے زور دے کر یہ بھی کہاکہ مغربی بنگال میں وقف ترمیمی ایکٹ 2025 نافذ نہیں کیا جائے گا۔

دوسری طرف بی جے پی کی ریاستی شاخ کے صدر ڈاکٹرسکانتا مجمدار نے مرکزی سرکار کی مداخلت پر زور دیا ہے۔ جناب مجمدار نے بتایاکہ انہوں نے اِس معاملے پر مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ سے فون پر بات کی ہے۔ مغربی بنگال کے ڈائریکٹر جنرل پولیس راجیو کمار نے آتشزنی اور توڑ پھوڑ کے کئی واقعات ہونے کی تصدیق کی ہے اور لوگوں سے امن قائم رکھنے کی اپیل کی ہے۔ پولیس نے کَل لوگوں کے ہجوم کو کنٹرول کرنے کیلئے چار راؤنڈ گولیاں چلائیں۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل جاوید شمیم نے بتایاکہ لوگوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تشدد میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا وعدہ کیا۔ x

**Maha Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہاہے کہ مرکزی حکومت اور مہاراشٹر سرکار دونوں نے ملک کے نوجوانوں کیلئے تحریک کے وسیلے کے طور پر چھترپتی شیواجی مہاراج کے تاریخی رائے گڑھ فورٹ کو بہتر بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ وزیرداخلہ نے مہاراشٹر میں رائے گڑھ فورٹ پر چھترپتی شیواجی مہاراج کی 345 ویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اور وہاں عقیدت کے پھول نذر کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

انہوں نے مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ سے اپیل کی کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ ساتویں کلاس سے لے کر

بارہویں کلاس تک کا ہر طالب علم کم از کم ایک بار اِس پوترمقام کو دیکھنے جائے تاکہ وہ چھترپتی شیواجی مہاراج کی وراثت اور اُن کے نظریات سے منسلک ہوسکے۔

جناب امت شاہ نے کہاکہ چھترپتی شیواجی مہاراج کا دائمی پیغام یہ تھا کہ **Swaraj** یعنی خود کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کبھی بند نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہاکہ آج مرکزی سرکار پختہ عزم کے ساتھ شیواجی مہاراج کے نظریے پر عمل پیرا ہے اور پوری دنیا کیلئے امید کی ایک کرن کے طور پر بھارت کو قائم کرنے کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔

**2100- Amit Shah On 100 Years**

## Finance Ponzi Scame

**Rose Valley Ponzi** گھپلے سے متاثرہ لاکھوں سرمایہ کاروں کیلئے انصاف کی سمت ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے محکمۂ خزانہ کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے آج **515** کروڑ روپے سے زیادہ کا ایک ڈیمانڈ ڈرافٹ **Asset Disposal** کمیٹی کے چیئرمین ڈی کے سیٹھ کے سپرد کیا۔

وزارت خزانہ کے ایک بیان کے مطابق اِس رقم سے گھپلے سے متاثرہ تقریباً ساڑھے سات لاکھ افراد کو اُن کی رقم واپس کرنے میں مدد ملے گی۔ اب تک **31** لاکھ سے زیادہ دعوے کمیٹی میں دائر کیے گئے ہیں۔

اِدھر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ مغربی بنگال، اوڈیشہ، آسام اور تریپورہ میں کالے دھن کو جائز شکل دینے کی روک تھام کے قانون کے تحت **Rose Valley** گروپ کے خلاف پانچ الگ الگ کیسوں کی چھان بین کر رہا ہے۔ خصوصی عدالتوں میں پہلے ہی الزامات دائر کیے جاچکے ہیں۔ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ گروپ نے زمین، ہوٹل ٹائم شیئرز اور سود کی بڑی رقم ملنے کا وعدہ کرکے لوگوں سے ساڑھے **17** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ اکٹھا کیے تھے۔ اِن میں سے کئی افراد معاشرے کے اقتصادی اعتبار سے کمزور طبقوں کے ہیں۔

جو رقم اکٹھا کی گئی تھی، اُس میں سے **6** ہزار **600** کروڑ روپے سے زیادہ سرمایہ لگانے والوں کو واپس ہی نہیں کیے گئے۔ **x**

## ED National Herald Case

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے نیشنل ہیرالڈ کے خلاف منی لانڈرنگ کیس سے وابستہ **661** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے غیر منقولہ اثاثوں کو قبضے میں لینے کی کارروائی شروع کی ہے۔ جانچ ایجنسی نے ایک بیان میں کہاہے کہ اُس نے دلّی، ممبئی اور لکھنؤ میں پروپرٹی رجسٹرار کو نوٹس جاری کیے ہیں۔ **ED** کی جانب سے

تفصیلی تحقیقات کے بعد اِن املاک کو قرق کردیا گیا تھا، جس سے جرم کا ارتکاب کرنے سے 988 کروڑ روپے کی رقم حاصل ہونے کا انکشاف ہوا تھا۔
اِس کیس کا تعلق Associated Journals Limited کو خریدنے میں مالی بے ضابطگیوں اور رقومات کو خرد برد کرنے سے ہے۔ یہ کمپنی نیشنل ہیرالڈ اخبار شائع کیا کرتی تھی۔ x

## Pinjab Grenade Attack

پنجاب پولیس نے جالندھر میں بی جے پی کے سرکردہ لیڈر اور قومی ایگزیکٹو ممبر منورنجن کالیا کی رہائش گاہ پر گرینیڈ حملے کے بڑے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ پنجاب پولیس کے سربراہ گورو یادو نے سوشل میڈیا ہینڈل پر یہ جانکاری دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ گرفتار کیا گیا ملزم سعید الامین اترپردیش میں امروہہ کا رہنے والا ہے اور اُسے آج دلّی سے گرفتار کیا گیا ہے۔ 7 اور 8 اپریل کی درمیانی رات کو منورنجن کالیا کی رہائش گاہ پر گرینیڈ حملے کیلئے ذمہ دار وہ بڑا ملزم ہے۔ جناب یادو نے بتایاکہ مرکزی ایجنسیوں اور دلّی پولیس کے اشتراک سے یہ کامیابی ملی ہے۔
اِس سے قبل مذکورہ واقعے کے 12 گھنٹے کے اندر ہی پولیس نے 8 اپریل کو اُس کے 2 مقامی ساتھیوں کو حراست میں لے لیا تھا، جنہوں نے بڑے ملزم کی مدد کی تھی۔ x

## J&K GOC

جموں وکشمیر میں جموں کی وائٹ نائٹ کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ، لیفٹیننٹ جنرل پی کے مشرا نے سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج کرشنا گھاٹی اور Bhimber گلی سیکٹر کا دورہ کیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اعلیٰ فوجی افسر دو سرحدی ضلعوں راجوری اور پُنچھ میں تین سیکٹروں میں گئے اور وہاں سکیورٹی صورتحال اور کارروائی سے متعلق تیاری کا جائزہ لیا۔
دو دن قبل بھارت اور پاکستان کی افواج نے سرحدی بندوبست پر تبادلۂ خیال کیلئے کنٹرول لائن سے متصل علاقے میں بریگیڈ کمانڈر سطح کی فلیگ میٹنگ کی تھی۔
گزشتہ جمعے کی رات کو جموں ضلعے کے اکھنور سیکٹر میں دہشت گردوں کے خلاف دراندازی مخالف کارروائی کی قیادت کرتے ہوئے فوج کے ایک JCO شہید ہوگئے تھے۔
ماضی قریب میں پُنچھ اور راجوری ضلعے میں جنگ بندی کی خلاف ورزی کے کئی واقعات کی اطلاع ملی ہے، جس کی وجہ سے سرحدوں پر کشیدگی بڑھ گئی تھی۔ x

### J&K Musterd Oil

جموں و کشمیر میں گذشتہ سال کے مقابلے اس سال سرسوں کی پیداوار میں 36 ہزار میٹرک ٹن کے ریکارڈ اضافے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ سرسوں کی پیداوار میں یہ قابل ذکر اضافہ خطے میں سرسوں کے تیل کی درآمد پر انحصار کو کم کردے گا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ سرسوں کی کُل پیداوار کا تقریباً 40 فیصد تیل میں تبدیل کردیا جاتا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Tariq Rathar**

### Prez- PM Lakhia

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج بھارتی کلاسیکی ڈانسر اور Padma ایوارڈ یافتہ Kumudini Lakhia کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ محترمہ Lakhia نے کتھک ڈانس میں معاصر اختراعات کے ذریعے اس فن کو نئی جدتوں سے ہمکنار کیا۔ انھوں نے کہا کہ پرفارمنگ آرٹس کے شعبے میں اُن کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے Kumudini Lakhia کو ایک غیر معمولی ثقافتی Icon قرار دیتے ہوئے کہا کہ کتھک اور بھارتی کلاسیکی رقص کے تیئں اُن کا جذبہ اُن کے کارہائے نمایاں میں جھلکتا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے رقص کے فن میں کئی نسلوں کو پروان چڑھایا اور ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔x

### China Storm

چین کی راجدھانی بیجنگ اور شمالی حصوں میں شدید آندھی طوفان کے تناظر میں سیکڑوں پروازیں منسوخ کردی گئیں اور ریل گاڑیوں کی آمدو رفت معطل کردی گئی۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق بیجنگ کے دو بڑے ہوائی اڈوں پر 838 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔

ہوائی اڈے کی ایکسپریس سب وے لائن اور کچھ تیز رفتار ریل لائنس سمیت ٹرین خدمات معطل کردی گئی ہیں۔ پارکوں کو بھی بند کردیا گیا ہے۔ راجدھانی میں تقریباً 300 درخت گر گئے ہیں۔ کئی موٹر گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔

بتایا گیا ہے کہ وہاں کُل 150 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوا کے تیز جھکّڑ چلنے کی وجہ سے کئی سیاحتی اور

تاریخی مقامات کو بند کردیا گیا اور حکام نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ گھروں کے اندر ہی رہیں۔ بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 50 سال سے زیادہ عرصے میں یہ اب تک کا سب سے شدید طوفان تھا۔ x

## Chhattis Garh Maoist

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے کے Indravati جنگلات کے علاقے میں CRPF کے کوبرا بٹالین Didtrict Reserve Guard اور اسپیشل ٹاسک فورس کی مشترکہ ٹیم نے نکسلیوں کے خلاف کارروائی کی۔ اس کارروائی کے دوران آج صبح سیکورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان ایک جھڑپ ہوئی جس میں 3 ماؤ نواز مارے گئے۔ سیکورٹی فورسز نے جائے وقوع سے مارے گئے نکسلیوں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔ اس کے علاوہ جائے وقوع سے بڑی مقدار میں گولہ بارود بھی ملا ہے۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی جاری ہے۔x

## Jharkhand Naxal

جھارکھنڈ میں مغربی Singhbhum ضلعے میں تلاشی کی کارروائی کے دوران نکسلیوں کے ساتھ ایک تصادم میں جھارکھنڈ Jaguar کا ایک سیکیورٹی اہلکار زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا جبکہ کوبرا بٹالین کا ایک اہلکار شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ یہ دونوں جوان دیسی ساخت کے دھماکہ خیز حربے کے دھماکے میں زخمی ہوئے۔

اِدھر Latehar ضلعے میں تلاشی کی ایک اور کارروائی کے دوران 6 نکسلیوں کو گرفتار کیا گیاہے۔ اِن میں ماؤنواز تنظیم کے دو خودساختہ سب زونل کمانڈر بھی شامل ہے۔ اُن کے قبضے سے کچھ ہتھیار اور گولی بارود بھی برآمد کیا گیاہے۔ x

## Archery World Cup

تیر اندازی کے عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں بھارت کی مکسڈ کمپاؤنڈ ٹیم آج رات فلوریڈا میں خطابی مقابلے میں چینی Taipei کے خلاف کھیلے گی۔ جیوتی سریکھا وینم اور رشبھ یادو پر مشتمل بھارتی ٹیم نے تیز اندازی کے عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں تیسرے تمغے کو یقینی بنایا۔ جیوتی سریکھا وینم اور رشبھ یادو Slovenia کی ٹیم کو ہراکر فائنل میں پہنچے ہیں۔ x

## Cricket

IPL ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں آج شام لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے گجرات

ٹائٹنس کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات ٹائٹنس نے مقررہ **20** اوورز میں چھ وکٹ کے نقصان پر **180** رن بنائے۔ جیت کے لئے **181** رن کے نشانے کو حاصل کرنے کے لئے کھیلتے ہوئے لکھنؤ سپر جوائنٹس نے چار وکٹ کے نقصان پر **186** بناکر جیت حاصل کرلی۔

آج کے دوسرے میچ میں، حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز اور سن رائز حیدرآباد کے درمیان مقابلہ ہورہا ہے۔

پنجاب کنگز نے حیدرآباد سن رائز کے سامنے **246** رن کا نشانہ رکھا ہے۔ پنجاب کنگز نے مقررہ **20** اوورز میں چھ وکٹ کے نقصان پر **245** رن بنائے ہیں۔

*******